# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

## ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

## نامزدگی بورڈ

### نوٹس داخلہ

پاکستان کے مختلف فنی تعلیمی اداروں رکالجز رانجینئرنگ ودیگر یونیورسٹیز میں آزاد جموں وکشمیر کے لئے مختص شدہ نشست ہاء کے خلاف داخلہ (برائے تعلیمی سال 2023ء) آزاد جموں وکشمیر رمہاجرین مقیم پاکستان 1947ء اور مہاجرین 1989ء سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات سے جو مقررہ اہلیت رمعیار کے حامل ہوں، درخواستیں مطلوب ہیں۔

(ایسی یونیورسٹیز جن میں BS پروگرام کی حد تک داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر کیئے جارہے ہیں۔ نامزدگی بورڈ کی جانب سے بھی میرٹ انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہی مرتب کیا جائے گا لیکن انٹرمیڈیٹ کا مکمل رزلٹ آنے پر ایسے طلباء وطالبات کے مکمل امتحان پاس نہ کرنے یا مکمل امتحان کے نتیجہ کے بعد میرٹ برقرار نہ رکھنے کی صورت میں یونیورسٹی کی جانب سے اُنکا داخلہ ختم کردیا جائے گا اس صورت حال میں اُن کی جمع شدہ فیس یونیورسٹی اپنی پالیسی کے تحت Refund کرے گی جس کا نامزدگی بورڈ قطعاً ذمہ دار نہ ہوگا نیز اس دوران اگر کسی دیگر یونیورسٹی نے بھی انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر داخلہ کا فیصلہ کیا تو اس حوالے سے بذریعہ اخباری اشتہار رویب سائیٹ مطلع کردیا جائے گا)۔

**ا۔ ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (تین سالہ کورس)۔**

**الف) صوبہ پنجاب:**

| نمبر شمار | نام ادارہ | نشستیں | نمبر شمار | نام ادارہ | نشستیں |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی رسول | 06 | (ii) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ملتان | 17 |
| (iii) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی فیصل آباد | 02 | (iv) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ ٹیکسلا | 07 |
| (v) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ سرگودھا | 07 | (vi) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ لیہ | 07 |
| (vii) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بہاولپور | 05 | (viii) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سیالکوٹ | 10 |
| (ix) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ | 01 | (x) | سویڈش پاکستانی انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی گجرات | 04 |
| (xi) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی صادق آباد راولپنڈی | 02 | (xii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ پرنٹنگ وگرافکس لاہور | 02 |
| (xiii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ جہلم | 02 | (xiv) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ ڈیرہ غازی خان | 02 |
| (xv) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ریلوے روڈ لاہور (مارننگ رایوننگ) | 22 | (xvi) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ اٹک | 03 |

**ب) صوبہ خیبر پختون خوا:**

| نمبر شمار | نام ادارہ | نشستیں | نمبر شمار | نام ادارہ | نشستیں |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی پشاور | 11 | (ii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ ایبٹ آباد | 03 |
| (iii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ مانسہرہ | 01 | (iv) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ سرائے صالح ہری پور | 08 |
| (v) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ کوہاٹ | 06 | (vi) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ نوشہرہ | 06 |
| (vii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ ڈیرہ اسماعیل خان | 07 | (viii) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ بنوں | 05 |
| (ix) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ مینگورہ (سوات) | 04 | (x) | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ صوابی | 04 |

**ج) صوبہ سندھ:**

| نمبر شمار | نام ادارہ | نشستیں |
|---|---|---|
| (i) | گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کراچی | 03 |

**۲۔ بی ایس سی انجینئرنگ کورس:**

| نمبر شمار | نام یونیورسٹی | نشستیں | نمبر شمار | نام یونیورسٹی | نشستیں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا (داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے) | 06 | 9۔ | پنجاب یونیورسٹی لاہور | 04 |
| 2۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی پشاور | 04 | 10۔ | گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور | 01 |
| 3۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور (مین کیمپس) (داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے) | 24 | 11۔ | NED کراچی | 04 |
| 4۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور (کالا شاہ کاکو کیمپس) | 02 | 12۔ | اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے) | 08 |
| 5۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور (رچنا گجرانوالہ کیمپس) | 02 | 13۔ | قائد عوام یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاڑکانہ سندھ | 01 |
| 6۔ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور (فیصل آباد کیمپس) | 03 | 14۔ | بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار | 02 |
| 7۔ | قائد عوام یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نواب شاہ سندھ | 02 | 15۔ | مہران یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی جامشورو (داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے) | 02 |
| 8۔ | زرعی یونیورسٹی راولپنڈی (داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے) | 01 | | | |

CamScanner

**(نوٹ)** یونیورسٹی آف انجینئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا میں نیلم ویلی اور یونیورسٹی آف انجینئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں جہلم ویلی (وادی لیپہ) کے امیدواران کے لیے (01،01) نشست مختص ہے۔ان نشستوں کے خلاف اسی ایریا (نیلم ویلی + خاص لیپہ) کے امیدواران جنرل نشستوں کے علاوہ الگ سے درخواستیں معہ چالان جمع کروائیں گے۔ان سپیشل نشستوں پر صرف وہی امیدواران نامزدگی کے اہل ہوں گے جنہوں نے انٹرمیڈیٹ (فرسٹ ائیر + سیکنڈ ائیر) کی تعلیم بطور ریگولر طالب علم اسی علاقہ کے لوکل ادارہ سے حاصل کی ہوگی۔

## ۳۔ بی ایس سی انجینئر نگ سیلف سسٹینس پروگرام (Self Sustenance Programme)۔

UET پشاور میں بذیل 04 نشستیں مختص شدہ ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنالوجی | نشستیں | نمبر شمار | ٹیکنالوجی | نشستیں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | کمپیوٹر سسٹم انجینئر نگ | 01 | 3۔ | سافٹ ویئر انجینئر نگ | 01 |
| 2۔ | انڈسٹریل | 01 | 4۔ | ٹیلی کام | 01 |

Self Sustain Programme میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند امیدواران الگ سے درخواستیں جمع کروائیں گے۔

## ۴۔ بی ٹیک 4 سالہ پروگرام:

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی نوشہرہ میں بی ٹیک 4 سالہ پروگرام کیلئے بذیل 06 نشستیں مختص ہیں۔ UET لاہور کا انٹری ٹیسٹ (ECAT) دیا ہونا لازمی ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنالوجی | نشستیں | نمبر شمار | ٹیکنالوجی | نشستیں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مکینیکل ٹیکنالوجی | 01 | 4۔ | سول ٹیکنالوجی | 01 |
| 2۔ | انفارمیشن انجینئر نگ ٹیکنالوجی | 01 | 5۔ | الیکٹریکل ٹیکنالوجی | 01 |
| 3۔ | انرجی انجینئر نگ ٹیکنالوجی | 01 | 6۔ | الیکٹرونکس انجینئر نگ | 01 |

## ۵۔ گریجویٹ / پوسٹ گریجویٹ کورسز:

| نمبر شمار | نام یونیورسٹی | تفصیل کورسز / مختص شدہ نشستیں |
|---|---|---|
| .1 | یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور (06 نشستیں) | ماسٹرز ڈگری پروگرام میں ایسے تمام ڈسپلن جو آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی میں نہیں پڑھائے جاتے ان کے لئے صرف (04) مختص شدہ ہیں (یہ ڈسپلن / مضامین صرف مارننگ کلاسز کیلئے ہیں)، ڈی فارمیسی (02) نشستیں (01 ایوننگ + 01 مارننگ کیلئے مختص شدہ ہیں)۔ یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔انٹری ٹیسٹ کے بغیر کسی بھی صورت داخلہ ممکن نہ ہوگا نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً بروقت آن لائن اپلائی کریں۔ |
| .2 | یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور (مین کیمپس) (23 نشستیں) | **بی ایس پروگرام** میں ڈسپلن (زوالوجی، کیمسٹری، باٹنی، فزکس، ریاضی، اکنامکس، آئی ٹی، کمپیوٹر سائنس، ہسٹری، اُردو، انگلش، فائن آرٹس، بی ایڈ آنرز، بی بی اے) کے لئے (ایک، ایک نشست) مختص ہے۔ تمام ڈسپلنز کیلئے یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر بھی آن لائن اپلائی کرنا ضروری ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً بروقت آن لائن اپلائی کریں۔<br>**ایم اے / ایم ایس سی پروگرام** میں ڈسپلن (انگلش، اُردو، اکنامکس، ایجوکیشن، ریاضی، کیمسٹری، فزکس، زوالوجی، باٹنی (ایک، ایک نشست) مختص ہے۔ تمام ڈسپلنز کیلئے یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر بھی آن لائن اپلائی کرنا ضروری ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ |
| .3 | بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی ملتان (03 نشستیں) | بی ایس بائیوٹیکنالوجی (01) / بی اے ایل ایل بی پانچ سالہ (01) / ڈی فارمیسی (01) (انٹری ٹیسٹ لازمی ہے)۔ یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا اور یونیورسٹی کا اپنا انٹری ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ان نشستوں کیلئے یونیورسٹی میرٹ خود اپنے طور پر مرتب کرے گی۔ |
| .4 | زرعی یونیورسٹی فیصل آباد (20 نشستیں) | انٹرمیڈیٹ پری ایگریکلچر (02)، ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز DVM (02)، بی ایس آنرز ایگریکلچر (02)، بی ایس سی آنرز ایگریکلچر اینڈ ریسورس اکنامکس (01)، بی ایس سی آنرز فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (01)، بی ایس سی آنرز انوائرمنٹل سائنس (01)، بی ایس سی آنرز مائیکروبیالوجی (01)، بی ایس اینیمل سائنس (01)، بی ایس ڈیری سائنس (01)، بی ایس کامرس (01)، ایم فل ایگریکلچر (07)۔ ہر ڈسپلن کے لئے ادارہ کا انٹری ٹیسٹ، مضمون کا NTS/GRE ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہے۔ بی ایس پروگرام میں داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا ضروری ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً بروقت آن لائن اپلائی کریں۔ |
| .5 | ہیلی کالج آف بزنس اینڈ فنانس لاہور (01 نشست) | ایم بی اے (01 نشست)۔ یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً بروقت آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 6 | ہیلی کالج آف کامرس لاہور | ایم کام (01 نشست)۔ یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً بروقت آن لائن اپلائی کریں۔ |
| .7 | اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (96 نشستیں) | **بی ایس پروگرام** کے ڈسپلن (کیمسٹری، باٹنی، زوالوجی، ریاضی، شماریات، فزکس، جغرافیہ، بائیوکیمسٹری، بائیوٹیکنالوجی، کامرس، بی بی اے، کمپیوٹر سائنس، آئی ٹی، انگلش، ہسٹری، مطالعہ پاکستان، اُردو، فائن آرٹس، اپلائیڈ سائیکالوجی، اکنامکس، آئی آر، سیاسیات، سوشیالوجی، ماحولیاتی سائنس، فوڈ سائنسز، فزیکل ایجوکیشن، ایجوکیشن، سوشل ورکس، عربی، اسلامیات، بی اے ایل ایل بی) میں (دو، دو) نشستیں مختص ہیں، اس کے علاوہ ڈی فارمیسی (02)، ڈی وی ایم (02) نشستیں مختص ہیں۔ ہر پروگرام کے لئے یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ دینا اور یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا ضروری ہے نیز بی اے ایل ایل بی کیلئے LAT کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔<br>**ایم اے / ایم ایس سی پروگرام** کے ڈسپلن (انگلش، فائن آرٹس، اسلامیات، اُردو، عربی، اکنامکس، ایجوکیشن، ہسٹری، اپلائیڈ سائیکالوجی، سوشیالوجی، سیاسیات، فزیکل ایجوکیشن، ریاضی، شماریات، کیمسٹری، فزکس) میں (دو، دو) نشستیں مختص ہیں۔ ہر پروگرام کے لئے یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے نیز یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا بھی ضروری ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔ |

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| 8. | یونیورسٹی آف سندھ جامشورو (03 نشستیں) | ایم اے/ایم ایس سی (01)، بی ایس (01)، ڈی فارمیسی (01) یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا بروقت آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 9. | یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ (01 نشست) | ڈی فارمیسی (01)۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ |
| 10. | یونیورسٹی آف سرگودھا (14 نشستیں) | <u>بی ایس پروگرام میں آرٹس اینڈ سوشل سائنس گروپ</u> کے ڈسپلن (فائن آرٹس، انگلش، اسلامیات، اُردو، ایجوکیشن، بی ایڈ آنرز (ایلیمنٹری)، اکنامکس، ہسٹری، آئی آر، سیاسیات، سائیکالوجی، سوشیالوجی، بی بی آے آنرز، بی اے ایل ایل بی) میں ایک، ایک نشست مختص ہے۔ بی اے ایل ایل بی کیلئے LAT کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے نیز تمام ڈسپلنز کیلئے یونیورسٹی میں آن لائن اپلائی کرنا بھی لازمی ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 11. | یونیورسٹی آف گجرات (11 نشستیں) | <u>بی ایس پروگرام میں آرٹس اینڈ سوشل سائنس گروپ</u> کے ڈسپلن (انگلش، اسلامیات، ماس کمونیکیشن، ہسٹری، آئی آر، بی ایڈ آنرز، اکنامکس، سیاسیات، سائیکالوجی، سوشیالوجی، بی اے ایل ایل بی) میں ایک، ایک نشست مختص ہے۔ بی اے ایل ایل بی کیلئے LAT کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے نیز تمام ڈسپلنز کیلئے یونیورسٹی میں آن لائن اپلائی کرنا بھی لازمی ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 12. | یونیورسٹی آف کراچی (04 نشستیں) | بی ایس (01)، ایم ایس سی (01)، ڈی فارمیسی (02)، یونیورسٹی کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 13. | یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور (03 نشستیں) | ڈی وی ایم (03)۔ MCAT ٹیسٹ لازمی ہے۔ یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا ضروری ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 14. | زرعی یونیورسٹی پشاور (07 نشستیں) | بی ایس سی زراعت آزاد جموں وکشمیر کے امیدواران کے لئے (06)۔ جبکہ مقبوضہ کشمیر سے آمدہ مہاجرین (1989) کے لئے (01) سپیشل نشست الگ سے مختص شدہ ہے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 15. | بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی (10 نشستیں) | بی ایس سی زراعت (08)، ڈی وی ایم (02) مختص ہیں۔ یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا اور یونیورسٹی کا اپنا انٹری ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ بصورت دیگر نامزدگی ممکن نہ ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 16. | زرعی یونیورسٹی کوئٹہ (02 نشستیں) | بی ایس سی زراعت (02)۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 17. | گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور (06 نشستیں) | <u>انٹرمیڈیٹ:</u> سال اول پری میڈیکل/پری انجینئرنگ (01)، جنرل/سوشل سائنس گروپ (01) آرٹس گروپ (01)۔<br><u>بی ایس:</u> سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (01)، آرٹس اینڈ سوشل سائنس (01)، بی اے آنرز (01)۔ انٹرمیڈیٹ اور بی ایس دونوں پروگرامز کیلئے صرف وہی امیدواران نامزدگی کے لئے اہل ہوں گے جنہوں نے آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی بطور ریگولر طالب علم امتحان پاس کیا ہو۔ |
| 18. | کنیئرڈ کالج فار ویمن لاہور (03 نشستیں) | <u>انٹرمیڈیٹ سال اول</u> (03) نشستیں مختص برائے خواتین، صرف وہی امیدواران نامزدگی کے لئے اہل ہوں گی جنہوں نے میٹرک کی تعلیم آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی حاصل کی ہوگی۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 19. | گورنمنٹ کالج فار ویمن یونیورسٹی لاہور (05 نشستیں) | <u>انٹرمیڈیٹ سال اول</u> (05) نشستیں مختص برائے خواتین، صرف وہی امیدواران نامزدگی کے لئے اہل ہوں گی جنہوں نے میٹرک کی تعلیم آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی حاصل کی ہوگی۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 20. | گورنمنٹ کالج آف ہوم اکنامکس گلبرگ لاہور (03 نشستیں) | <u>انٹرمیڈیٹ سال اول</u> (03) مختص برائے خواتین۔ صرف وہی امیدواران نامزدگی کے اہل ہوں گی جنہوں نے میٹرک کی تعلیم آزاد جموں کشمیر کی حدود میں واقع ادارہ سے ہی حاصل کی ہوگی۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 21. | گورنمنٹ کالج فار ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ (06 نشستیں) | انٹرمیڈیٹ سال اول (02) بی ایس آنرز (04) نشستیں مختص (برائے خواتین)۔ یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کرنا اور یونیورسٹی کا اپنا انٹری ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ بصورت دیگر نامزدگی ممکن نہ ہے نیز داخلہ جات انٹرمیڈیٹ (سال اول نتائج) کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ / آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقا آن لائن اپلائی کریں۔ |
| 22. | نیشنل کالج آف آرٹس لاہور کیمپس (08 نشستیں) | آرکیٹیکچر (2)، فائن آرٹس (2)، Visual کمیونیکیشن ڈیزائن (1)، پراڈکٹ ڈیزائننگ (1)، فلم اینڈ ٹی وی (1)، ٹیکسٹائل ڈیزائننگ (1)۔ ادارہ کا انٹری ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہے۔ ان نشستوں پر داخلہ کے لئے ادارہ اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ اور انٹرویو لے گا جس کے بعد ادارہ اپنے طور پر میرٹ مرتب کر کے داخلہ کا پراسیس کرے گا۔ ان نشستوں پر نامزدگی کیلئے نامزدگی بورڈ میں اپلائی کرنا لازمی ہے امیدواران ساتھ ہی انٹری ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے براہ راست کالج میں اپلائی کریں گے جس کے بعد ادارہ اپنے طور پر میرٹ مرتب کر کے داخلہ کا پراسیس کرے گا۔ |

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| .23 | نیشنل کالج آف آرٹس راولپنڈی کیمپس (06 نشستیں) | آرکیٹکچر (2)، فائن آرٹس (1)، Visual کمیونیکیشن ڈیزائننگ (1) کمیونیکیشن ڈیزائننگ (1)، پراڈکٹ ڈیزائن (1)، ٹیکسٹائل ڈیزائننگ (1)۔ان نشستوں پر داخلہ کے لئے ادارہ اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ اور انٹرویو لے گا جس کے بعد ادارہ اپنے طور پر میرٹ مرتب کر کے داخلہ کا پراسیس کرے گا۔**ان نشستوں پر نامزدگی کیلئے نامزدگی بورڈ میں اپلائی کرنا لازمی ہے امیدواران ساتھ ہی انٹری ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے براہ راست کالج میں اپلائی کریں گے جس کے بعد ادارہ اپنے طور پر میرٹ مرتب کر کے داخلہ کا پراسیس کرے گا۔** |
| .24 | سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام (07 نشستیں) | ڈی وی ایم (07)۔ادارہ کا انٹری ٹیسٹ جو کہ دسمبر 2023 میں ہوگا پاس کرنا لازمی ہے۔انٹری ٹیسٹ میں Appear ہونے کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائیٹ پر آن لائن (Online) داخلہ فارم پُر کر کے ڈاؤن لوڈ پرنٹ کریں گے اور داخلہ فارم بمعہ بینک چالان اور مصدقہ کاغذات نامزدگی بورڈ کے آفس میں جمع کروائیں گے جو کہ نامزدگی بورڈ کے آفس کی جانب سے متعلقہ یونیورسٹی میں بھیج دیے جائیں گے۔انٹری ٹیسٹ کے بعد یونیورسٹی خود اپنے طور پر میرٹ مرتب کرے گی۔ **تمام طلباء وطالبات یونیورسٹی کی website سے اپنے طور پر انٹری ٹیسٹ/آن لائن اپلائی کرنے کی تاریخ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور مطابقاً آن لائن اپلائی کریں۔** |
| .25 | اخوت کالج فار ویمن چکوال (05 نشستیں مختص برائے خواتین) | بی ایس اکنامکس اور بی ایس انگلش کے لئے کل (05) نشستیں صرف ضرورت منداور مستحق طالبات کیلئے مختص شدہ ہیں ان نشستوں پر آن لائن اپلائی کرنے کے علاوہ ایک تحریری درخواست بمعہ کاغذات سیکرٹریٹ ہائیرایجوکیشن شعبہ نامزدگی بورڈ میں جمع کروانا ہوگی اور بذیل Website پر آن لائن بھی اپلائی کرنا لازمی ہے (www.akhuwat.org.pk)۔ضرورت مند امیدواران مزید تفصیلات کے لئے نامزدگی بورڈ سے رابطہ کریں۔ |

**صلاحیت کا معیار:**

(۱)۔ مختلف تعلیمی اداروں میں مخصوص نشستوں پر داخلہ کے لئے پرکھنے کا معیار ان ہی اصولوں کو سامنے رکھ کر مقرر کیا جائے گا، جو ان اداروں کے پراسپیکٹس میں دیا گیا ہوگا۔لہٰذا امیدوار جس ادارہ میں داخلہ کا خواہشمند ہو اس ادارہ کا پراسپیکٹس اچھی طرح سٹڈی کر کے تمام شرائط Criteria چیک کر کے درخواست فارم جمع کرائے وگرنہ نامزدگی ہو جانے کے بعد کسی بھی شرط کی کمی کی وجہ سے اگر ادارہ داخلہ نہ دے تو نامزدگی بورڈ اس کا قطعاً ذمہ دار نہ ہوگا۔اگر کسی ڈسپلن کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے تو اس کے لئے امیدوار براہ راست ادارہ سے رجوع کرے گا۔

(۲)۔ بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام میں ہر ضلع کے لئے مخصوص نشستوں پر انتخاب اسی ضلع کے امیدواران سے میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔اگر کسی ضلع سے کوئی امیدوار دستیاب نہیں ہوگا، تو وہ سیٹ باقی اضلاع رپونٹس میں fraction کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے تقسیم کردی جائے گی۔

(۳)۔ جس ڈسپلن رکورس رجماعت میں آزاد کشمیر کیلئے مخصوص سیٹوں کی تعداد 11 سے کم ہوگی وہاں صرف اندرون آزاد کشمیر سے ہی جنرل میرٹ کی بنیاد پر نامزدگی عمل میں لائی جائے گی۔

(۴)۔ بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام کیلئے اپلائی کرنے والے جو امیدواران (طلباء رطالبات) درحقیقت آزاد جموں وکشمیر سے تعلق رکھتے ہوں اور ان کے والدین تجارت رملازمت یا کسی اور وجہ سے پاکستان کے کسی ضلع میں عارضی طور پر سکونت پذیر ہوں وہ آزاد جموں وکشمیر کے لئے اپنے اپنے متعلقہ مستقل سکونتی ضلع کے کوٹہ میں نشستیں حاصل کرنے کے حقدار ہوں گے۔جس کے لئے انہیں مستقل سکونتی سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ہوگا۔مہاجرین مقیم پاکستان 1947ء اس سرٹیفکیٹ سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(۵)۔ بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام میں جنرل میرٹ لسٹ ایک ہی مرتبہ کی جائے گی۔امیدواران کی نامزدگی کے بعد اضافی حاصل ہونے والی نشستوں پر میرٹ کی فہرست انتظاریہ پر آنے والے امیدواران کی نامزدگی تحت ضلعی کوٹہ و میرٹ کی جائیگی۔

(۶)۔ تمام کورسز میں ایک ڈسپلن کے لئے اگر مختلف یونیورسٹی ہاء میں نشستیں مختص ہوں تو ایسی صورت میں یونیورسٹی کی ترجیح درج کرنا ہوگی۔ایک درخواست صرف ایک ڈسپلن رکورس کے لئے زیرغور لائی جائے گی۔اور ہر کورس رڈسپلن کے لئے الگ درخواست معہ چالان فارم جمع کروانی ہوگی۔

(۷)۔ بی ایس سی انجینئرنگ کورس کے لیے ایسے امیدواران جو پاکستان کے تعلیمی ادارہ جات میں اوپن میرٹ پر منتخب ہو چکے ہوں گے وہ لازماً اوپن میرٹ کی سیٹ Avail کریں گے۔ آزاد جموں وکشمیر کوٹہ کے خلاف ان کی نامزدگی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔اگر نامزدگی بورڈ کے نوٹس میں لائے بغیر یہ نامزدگی ہوگئی ہو تو وہ از خود کالعدم تصور ہوگی۔

(۸)۔ **بی ایس سی انجینئرنگ کورس میں پاکستان کی تمام انجینئرنگ یونیورسٹیز کے لئے ECAT(UET لاہور) کا انٹری ٹیسٹ لازمی ہے۔انٹری ٹیسٹ کے بغیر نامزدگیاں عمل میں نہیں لائی جاسکتیں۔انٹری ٹیسٹ میں 33% نمبر لینا لازمی ہے، انٹرمیڈیٹ (Part-I) میں کم سے کم 50% نمبر لازمی ہیں اس کے علاوہ میٹرک کے 17% نمبر Aggregate میں شامل کرتے ہوئے میرٹ مرتب کیا جائے گا۔** پاکستان کے تمام صوبوں (صوبہ پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختون خوا) میں بی ایس سی انجینئرنگ کے لیے نامزدگی ECAT انٹری ٹیسٹ کی بنیاد پر عمل میں لائی جائے گی۔مطلوبہ استعداد پورا نہ کرنے کی صورت میں امیدوار نامزدگی کا اہل نہ ہوگا نیز UET لاہور کے مین کیمپس میں ایک سال کا بیک لاگ ہونے کے باعث اس سال نامزد ہونے والے امیدواران اگلے سال کے سیشن میں داخلہ رکلاسز لے سکیں گے۔

(۹)۔ بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام میں نامزدگی ہو جانے کے بعد عام حالات میں کسی بھی امیدوار کی ٹیکنالوجی اور ادارہ کی تبدیلی نہیں ہوگی۔بی ٹیک کورس کو بی ایس ٹیکنالوجی چار سالہ پروگرام میں تبدیل کر دیا گیا ہے بدیں وجہ سے صوبہ پنجاب میں بی ایس ٹیکنالوجی چار سالہ پروگرام میں نامزدگی کے لئے UET لاہور کا انٹری ٹیسٹ (ECAT) لازمی ہوگا۔

(۱۰)۔ نامزدگی لیٹر جاری ہو جانے کے بعد امیدوار پر لازم ہے کہ وہ اندر 05 ایام داخلہ لینے کے بارہ میں بورڈ ہذا کو تحریری طور پر رضامندی جمع کروائے گا وگرنہ بعد از معیاد نامزدگی منسوخ تصور ہوگی۔

(۱۱)۔ جہاں نمبر برابر ہوں گے وہاں نمبرات کی فریکشن کی weightage دیکھی جائے گی۔جس کی weightage بہتر ہوگی وہ میرٹ پر قرار پائے گا۔فریکشن بھی برابر ہونے کی صورت میں زائد عمر کی بنیاد پر نامزدگی ہوگی۔

(۱۲)۔ بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام میں حافظ قرآن ہونے کی صورت میں محکمہ امور دینیہ کے ٹیسٹ رانٹرویو میں شامل ہونا لازمی ہوگا (کامیابی پر حسب پالیسی 20 نمبرات اضافی شامل کر کے میرٹ کا تعین ہوگا)۔

(۱۳)۔ اے لیول، او لیول یا مساوی سرٹیفکیٹ کے حامل اور CGPA پاس امیدواران کو (IBCC) Inter Board Commitee of Chairman سے Equivalence سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہوگا۔واضح رہے کہ CGPA یا grade کی بنیاد پر میرٹ مرتب نہیں کیا جائے گا بلکہ امیدوار کو percentage مہیا کرنے کی صورت میں ہی میرٹ میں شامل کیا جائے گا۔

**کوائف:**

(ا)۔ پشتینی باشندہ ریاست درجہ اول سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، مستقل سکونتی سرٹیفکیٹ Permanent Resident Certificate (PRC) (مہاجرین 1947ء مستثنیٰ ہیں)، تعلیمی اسناد، میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ، کیریکٹر سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقولات، درخواست فارم کے ہمراہ نامزدگی بورڈ کو ارسال کرنا ہوگی۔

(۲)۔ پشتینی ریاست درجہ اول کو درجہ دوئم / درجہ دوئم کو درجہ سوئم پر فوقیت حاصل ہوگی۔ نیز پشتینی سرٹیفکیٹ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے زیر کارروائی ہونے کی تصدیق کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔

(۳)۔ تمام کورسز کے لئے -/Rs.1500 (**مبلغ پندرہ سو روپے**) درخواست فیس، جبکہ سیلف فنانس کی نشستوں کے لئے -/Rs.2000 (**مبلغ دو ہزار روپے**) (ناقابل واپسی) بنام سیکرٹری نامزدگی بورڈ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر **اکاؤنٹ نمبر 8-197، نیشنل بنک آف پاکستان اولڈ سیکرٹریٹ برانچ (برانچ کوڈ 0660)** مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں براہ راست جمع کروائی جاسکتی ہے علاوہ ازیں درخواست فیس نیشنل بنک آف پاکستان کی کسی بھی برانچ سے آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہے۔

**ہدایات:**

(ا)۔ میٹرک کے بعد 03 سالہ ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (DAE) کورس / انٹرمیڈیٹ کورسز / ماسٹرز اور ایم فل پروگرام کے لئے درخواست ہا جمع کرانے کی آخری تاریخ **15 اگست 2023** مقرر کی گئی ہے۔

(۲)۔ بی ایس پروگرام / NCA / بی ایس انجینئرنگ پروگرام / بی ایس ایگریکلچر / ڈی فارمیسی / ڈی وی ایم / بی ٹیک پروگرام کے لئے جن یونیورسٹیز میں داخلہ انٹرمیڈیٹ (سال اول) کے نتیجے کی بنیاد پر ہوگا اُن کیلئے اپلائی کرنے کی **آخری تاریخ 31 جولائی 2023** مقرر کی گئی ہے جبکہ ایسی یونیورسٹیز جن میں داخلہ انٹرمیڈیٹ (مکمل رزلٹ) کے بعد ہوگا اُن کیلئے اپلائی کرنے کی **آخری تاریخ 05 ستمبر 2023** مقرر کی گئی ہے۔

(۳)۔ امیدواران نامزدگی بورڈ کی ویب سائیٹ www.nb.gok.pk پر آن لائن (online) پُر کر کے فارم پرنٹ کریں گے۔ بعدازاں چالان نیشنل بنک آف پاکستان اولڈ سیکرٹریٹ برانچ میں جمع کرا کر فارم کی پشت پر مندرج پتہ پر بذریعہ ڈاک ارسال کرنا لازمی ہوگا داخلہ فارم پر ہاتھ سے کی گئی کوئی بھی correction قابل قبول نہ ہوگی۔ نامکمل درخواستیں زیر غور نہیں لائی جائیں گی اور ان پر کسی بھی قسم کی کارروائی نہیں ہوگی۔

(۴)۔ تمام امیدواران نامزدگی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.nb.gok.pk) پر login ہونے کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا استعمال کریں گے۔ جن امیدواران کا CNIC نہیں ہوگا وہ اپنے ''فارم ب'' پر مندرج شناختی کارڈ نمبر سے رجسٹر ہوسکیں گے۔ ایک CNIC ایک ہی مرتبہ ایک سے زائد کورسز میں اپلائی کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(۵)۔ نامزدگی بورڈ میں درخواست دینے والے طلباء وطالبات کیلئے لازم ہے کہ وہ پاکستان کی یونیورسٹیز میں بھی direct آن لائن اپلائی کریں اور یونیورسٹیز کے انٹری ٹیسٹ میں اپنے طور پر شامل ہوں گے صرف نامزدگی بورڈ میں اپلائی کرنے کی بنیاد پر یونیورسٹیز میں داخلہ حاصل نہیں ہوگا اور یونیورسٹیز میں اپلائی نہ کرنے کی صورت میں داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

**نوٹ:** **بی ایس سی انجینئرنگ پروگرام میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی پشاور میں (صرف سول ٹیکنالوجی) کیلئے نامزدگی بورڈ کی جانب سے نامزد شدہ امیدوار کا میرٹ UET پشاور خود بھی اپنے طور پر میرٹ مرتب کرے گی اور میرٹ پر نہ آنے کی صورت میں UET پشاور طلباء کی چوائس کے مطابق کوئی بھی دوسری سیٹ الاٹ کرے گی۔ جس کیلئے نامزدگی بورڈ ذمہ دار نہ ہوگا۔**

**پتہ:** **نامزدگی بورڈ سیکرٹریٹ ہائیر ایجوکیشن، بلاک نمبر 10، گراؤنڈ فلور کمرہ نمبر 1004، نیو سیکرٹریٹ، چھتر دومیل مظفرآباد آزاد کشمیر۔**

**www.nb.gok.pk** **admission.nb.gok.pk** **ٹیلی فون: 05822-924235**

27/6/23

(مہوش اکبر)

**سیکشن آفیسر ہائیر ایجوکیشن / نامزدگی بورڈ مظفرآباد**